# Social Studies

☆ جماعت نہم اور دہم کے سماجی علم کے پرچہ سوالات کی تیاری کے لئے رہنمایانہ اصول:

☆ سماجی علم میں مجموعی جانچ کے پرچہ سوالات کے لئے 80 نشانات مختص کئے گئے ہیں۔

☆ مجموعی جانچ کا پرچہ سوالات دو حصوں یعنی پارٹ A اور پارٹ B پر مشتمل ہوگا۔

☆ پارٹ A اور پارٹ B میں مختلف قسم کے سوالات ہوں گے جیسا کہ ذیل میں بتایا گیا:-

| پارٹ | سوالوں کی قسم | سوالوں کی تعداد | سوالوں کی تعداد جن کے جواب دیئے ہیں | ہر سوال کے لئے مقررہ نشانات | کل نشانات | مختص کردہ وقت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پارٹ A | نہایت مختصر جوابی سوالات (VSAQ) | 06 | 06 | 02 | 12 | دو گھنٹے تیس منٹ 2hr 30 min |
| | مختصر جوابی سوالات (SAQ) | 06 | 06 | 04 | 24 | |
| | طویل جوابی سوالات (Essay) | 06 | 04 | 06 | 24 | |
| پارٹ B | کثیر جوابی سوالات (MCQ) | 20 | 20 | 01 | 20 | 30 منٹ |
| | کل | 18+20 MCQ | 16+20 MCQ | - | 80 نشانات | 3 گھنٹے |

اہم نوٹ:

☆ پرچہ سوال 80 نشانات کے لئے تیار کریں۔

☆ پارٹ A کے لئے مختص کل نشانات 60 ہیں۔

☆ پارٹ A کے لئے مختص کردہ وقت دو گھنٹے تیس منٹ ہے۔

☆ پارٹ B کے لئے مختص کل نشانات 20 ہیں۔

☆ پارٹ B کے لئے مختص کردہ وقت تیس منٹ ہے۔

☆ پرچہ سوال کی تیاری تعلیمی معیارات کے مطابق کی جائے۔

## تعلیمی معیارات کے **Weightage** کو ذیل کے جدول میں بتایا گیا۔

| تعلیمی معیار کا نمبر | تعلیمی معیارات | فی صد | نشانات | نہایت مختصر جوابی سوالات VSAQ | مختصر جوابی سوالات SAQ | طویل جوابی سوالات Essay | کثیر جوابی سوالات MCQ | کل نشانات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| AS-1 | تصورات کی تفہیم | 45% | 42 | | | | | 42 |
| AS-2 | دیئے گئے متن کا مطالعہ فہم و ادراک اور ترجمانی | 11% | 10 | | | | | 10 |
| AS-3 | معلومات کی مہارتیں | 13% | 12 | | | | | 12 |
| AS-4 | جدید مسائل پر روشنی ڈالنا اور سوال کرنا | 11% | 10 | | | | | 10 |
| AS-5 | نقشہ جاتی مہارتیں | 13% | 12 | | | | | 12 |
| AS-6 | تحسین؛ توصیف اور حساسیت | 07% | 06 | | | | | 06 |
| | کل | 100% | 80M (+12 M Choice) | 6 سوالات (12 نشانات) | 6 سوالات (24 نشانات) | 6 سوالات 24 نشانات +12 نشانات متبادل | 20 سوالات (20 نشانات) | 80 نشانات (+12 نشانات متبادل) |

**نوٹ:**

☆ پارٹ A میں 72 نشانات کا Weightage دیا گیا ہے۔ لیکن طویل جوابی سوالات میں متبادل کا اختیار ہے۔ اس لئے طالبعلم کو صرف 60 نشانات کے لئے جواب لکھنے ہوں گے۔

☆ پارٹ B، 20 کثیر جوابی سوالات پر مشتمل ہے۔ اور اسکے 20 نشانات ہیں۔ لہذا پارٹ A کے 60 نشانات + پارٹ B کے 20 نشانات = کل نشانات = 80

☆ ہر تعلیمی معیار کے لئے مقررہ Weightage کو تبدیل نہیں کیا جانا چاہئے۔

☆ ہر تعلیمی معیار کے لئے مختص کردہ نشانات کے لحاظ سے سوالیہ پرچہ تیار کیا جانا چاہئے۔ اس سے متعلق کوئی انحراف نہیں ہونا چاہئے۔

مثال کے طور پر تمام سوالیہ پرچہ میں تعلیمی معیار 1 یعنی تصورات کی تفہیم کے تحت دیئے جانے والے تمام سوالات کے لئے 42 نشانات مختص کئے گئے ہیں۔ سوالیہ پرچہ کی تیاری میں مختص کردہ نشانات سے کوئی انحراف نہیں ہونا چاہئے۔

## عام ہدایات

☆ پرچہ سوال کی تیاری کے دوران اس بات کا خیال رکھا جائے کہ سوالات تمام ابواب/اسباق/ یونٹ سے دیئے جائیں۔لیکن پرچہ سوال میں یونٹ/ سبق واری Weightage دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

☆ پرچہ سوال میں تمام سوالات فکر انگیز، Open Ended اور تجزیاتی ہوں۔رٹ کر یاد کئے جانے والے سوالات کو پرچہ سوال میں شامل نہ کیا جائے۔سوالات طالب علم کے فہم کی سطح کو جانچنے والے ہونا چاہئے۔

☆ تمام سوالات غیر مبہم اور واضح ہونے چاہیئے۔

☆ معلومات کی مہارتوں (AS-III) کے تحت سوالوں کے علاوہ پرچہ سوال میں ذیلی سوالات نہیں ہونے چاہیئے۔

☆ مختلف قسم کے سوالات کی تیاری کے وقت جواب کی طوالت کو ملحوظ رکھنا چاہیئے۔

☆ ہر پرچہ سوال کی تیاری کے وقت درسی کتاب سے ''اپنے اکتساب کو پڑھایئے'' کے سوالات جوں کے توں نہیں دینے چاہیئے۔البتہ ان سوالوں کے انداز کو بدل کر دیا جاسکتا ہے۔

☆ پورا پرچہ سوالا اسطرح تیار کیا جائے کہ 50% سوالات آسان، 30% سوالات اوسط اور 20% سوالات مشکل طرز فکر پر مشتمل ہوں۔

## پارٹ-A

☆ پارٹ-A کا پرچہ سوال تین سیکشنس پر مشتمل ہے۔پہلے سکشن میں دیئے گئے 6 نہایت مختصر جوابی سوالوں میں تمام سوالوں کے جواب دیئے ہوں گے۔ ہر سوال کے لئے 2 نشانات مقرر ہیں اور اس سکشن کے لئے مختص کردہ کل نشانات 12 ہیں۔ان میں ہر سوال کا جواب 3 تا 4 جملوں میں لکھنا ہوگا۔

☆ دوسرے سکشن میں دیئے گئے 6 مختصر جوانی سوالوں میں تمام سوالوں کے جواب دیئے ہوں گے۔ہر سوال کے لئے 4 نشانات مقرر ہیں اور اس سکشن کے مختص کرہ کل نشانات 24 ہیں۔ان میں ہر سوال کا جواب 5 تا 6 جملوں میں لکھنا ہوگا۔

☆ تیسرے سکشن میں 6 طویل جوابی سوالات ہوں گے طلبا کو ان میں سے 4 سوالوں کے جواب لکھنے ہوں گے۔ہر سوال کے لئے 6 نشانات اور اس سکشن کے مختص کردہ کل نشانات 24 ہیں۔ان میں ہر سوال کا جواب 8 تا 10 جملوں میں لکھنا ہوگا۔

## پارٹ-B

☆ پارٹ B میں 20 کثیر جوابی سوالات ہوں گے۔ہر سوال کے لئے 1 نشان مقرر ہے اور پارٹ B کے لئے مختص کردہ کل نشانات 20 ہیں۔غیر واضح، دوبارہ مٹا کر لکھے گئے جوابات کے نشانات نہیں دیئے جائیں گے۔

☆ پارٹ B کے تحت دیئے جانے والے کثیر جوابی سوالات مختلف طرح کے دیئے جانے چاہئیں۔جیسا کہ صحیح جملہ کی نشاندہی کرنا' غلط جملہ کی نشاندہی کرنا' غلط جوڑ کی نشاندہی کرنا' صحیح جوڑ کی نشاندہی کرنا' مختلف یا بالکل علاحدہ اختیار کی شناخت کرنا' جوڑ ملانا' ترتیب دینا' فلو چارٹ وغیرہ۔

☆ 'اوپر کے تمام'، 'ان میں سے کوئی نہیں' اور' A اور B دونوں' جیسے اختیارات کثیر جوابی سوالات میں نہیں دینا چاہئے۔

## سماجی علم - جماعت دہم

## (اُردو میڈیم)

## اس ماڈل پیپر کا بلو پرنٹ

| تعلیمی معیار کا نمبر | تعلیمی معیارات | فی صد | نشانات | نہایت مختصر جوابی سوالات VSAQ | مختصر جوابی سوالات SAQ | طویل جوابی سوالات Essay | کثیر جوابی سوالات MCQ | کل نشانات |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| AS-1 | تصورات کی تفہیم | 45% | 42 | 2 (4M) | 2 (8M) | 2 (12M) | 1 (18M) | 42 |
| AS-2 | دیئے گئے متن کا مطالعہ فہم وادراک اور ترجمانی | 11% | 10 | - | 1 (4M) | 1 (6M) | - | 10 |
| AS-3 | معلوماتی کی مہارتیں | 13% | 12 | 1 (2M) | 1 (4M) | 1 (6M) | - | 12 |
| AS-4 | جدید مسائل پر روشنی ڈالنا اور سوال کرنا | 11% | 10 | 1 (2M) | - | 1 (6M) | 1 (2M) | 10 |
| AS-5 | نقشہ جاتی مہارتیں | 13% | 12 | 1 (2M) | 1 (4M) | 1 (6M) | -- | 12 |
| AS-6 | تحسین؛ توصیف اور حساسیت | 07% | 06 | 1 (2M) | 1 (4M) | -- | -- | 06 |
| | کل | 100% | 80M (12+ نشانات متبادل) | 6Q (12 نشانات) | 6Q (24 نشانات) | 6Q 24 نشانات +12 نشانات متبادل | 20Q (20 نشانات) | 80M (12+ نشانات متبادل) |

**Model Question Paper for Class X - 2022-23**

# Social Studies

## (Urdu Version)

**Part A & Part B**

**Time : 3 Hours** **Clsas: X** **Maximum Marks : 80**

---

ہدایات: (1) ہر سوال کا بغور مطالعہ کیجئے اور انہیں سمجھئے۔

(2) پارٹ -A کے تحت دیئے گئے تمام سوالات کے جواب علیحدہ جوابی بیاض میں لکھئے۔

(3) نقشے کو پارٹ -A کے جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کیجئے۔

(4) پارٹ -B کو پارٹ -A کے جوابی بیاض ساتھ منسلک کیجئے۔

(5) پارٹ -A تین سیکشن I، II اور III پر مشتمل ہے۔

(6) ہر سیکشن میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالوں کے جواب واضح طور پر لکھئے۔

---

**Part - A**

Time : 2 Hours 30 Minutes Maximum Marks : 60

## سیکشن -I

**6 x 2 = 12**

**ہدایات:**

(i). تمام سوالات کے جواب دیجئے۔

(ii). ہر سوال کا جواب 3 تا 4 جملوں میں لکھئے۔

(iii). ہر سوال کے لئے دو (2) نشانات مقرر ہیں۔

1. بھابر اور ترائی کے درمیان فرق کیجئے؟

2. مجلس اقوام کیوں ناکام ہوئی؟

3. رائے دہی (voting) کی اہمیت کے بارے میں شعور بیدار کرنے کے لئے دو نعرے تحریر کیجئے؟

4. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو بہتر بنانے کے لئے تجاویز پیش کیجئے؟

5. تلنگانہ کا آوٹ لائن نقشہ اتاریئے؟

6. دیئے گئے جدول کا مشاہدہ کیجئے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھئے؟

| ریاست | شیرخواروں کی اموات (IMR) فی ہزار (2016) | شرح خواندگی (فیصد) (2011) | ثانوی سطح کے لئے خالص حاضری کی نسبت (2013-14) |
| --- | --- | --- | --- |
| ہریانہ | 33 | 77 | 61 |
| ہماچل پردیش | 25 | 84 | 67 |
| بہار | 38 | 64 | 43 |

## سیکشن -II

(a). جدول کے مطابق کون سی ریاست IMR، شرح خواندگی اور خالص حاضری کی نشبت کے معاملے میں بہتر موقف رکھتی ہے۔

(b). بہار میں خواندگی کی شرح کم تر ہونے کی کوئی ایک وجہ بیان کیجئے۔ **6 x 4 = 24**

**ہدایات:**

(i). تمام سوالات کے جواب دیجئے۔

(ii). ہرسوال کا جواب 5 تا 6 جملوں میں لکھئے۔

(iii). ہرسوال کے لئے تین (4) نشانات مقرر ہیں۔

7. ذیل کے پیراگراف کا مطالعہ کیجئے اوراس کی تشریح کیجئے۔

ہم اکثر لوگوں کو آبادی میں اضافے کی تشویشناک صورتحال کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے سنتے ہیں۔ یہ لوگ اکثر خوشحال طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور دوسروں کو فائدہ پہنچانا پسند نہیں کرتے۔ کیونکہ قلیل مقدار میں دستیاب وسائل سے استفادہ کرنے والے کثیر تعداد میں ہوتے ہیں۔

8. تقسیم ہند کے وقت لوگوں کو کن کن مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا؟

9. ''شراب پر پابندی'' (امتناع) کے عنوان پر ایک ورقیہ تحریر کیجئے؟

10. عالمیانے (Globalisation) میں ٹکنالوجی کا کیا کردار ہے؟

11. ذیل کے جدول کا مشاہدہ کیجئے اوراس کا تجزیہ کیجئے؟

| کاشتکاری کا کل رقبہ - ملین ہکٹار میں | | | |
| --- | --- | --- | --- |
| علاقہ | 1955-56 | 2006-07 | شرح ترقی % |
| آندھرا کا علاقہ | 4.2 | 5.3 | 20 |
| تلنگانہ کا علاقہ | 4.8 | 5 | 5 |

12. دیئے گئے دنیا کے نقشے میں ذیل کے مقامات کی نشاندہی کیجئے۔

1۔ برطانیہ 2۔ آسٹریلیا 3۔ مصر 4۔ وہ ملک جو نازی ازم سے متعلق ہے۔

## سیکشن -III

**4 x 6 = 24**

**ہدایات:**

(i). کوئی چار سوالوں کے جواب لکھئے۔

(ii). ہر سوال کا جواب 8 تا 10 جملوں میں لکھئے۔

(iii). ہر سوال کے لئے پانچ (6) نشانات مقرر ہیں۔

13. ہمالیائی دریائی نظام کی درجہ بندی کیجئے اور کسی ایک دریائی نظام کے بارے میں لکھئے؟

14. ''شریفانہ معاہدہ'' کے اہم نکات کیسے تلنگانہ اور آندھرا کے خطوں کے درمیان عدم اعتماد کو بڑھانے کا سبب بنے؟

15. ذیل کے پیراگراف کا مطالعہ کیجئے اور اس کی تشریح کیجئے؟

**''افغانستان میں روسی فوج کے انخلاء کے بعد وہاں کا اقتدار طالبان نے حاصل کیا اور ایک بنیاد پرست حکومت قائم کی ان حکومتوں نے تمام لوگوں پر زور دیا کہ وہ مذہبی کتابوں مین درج اصولوں پر سختی سے عمل پیرا ہوں؟''**

16. موجودہ دور میں شہریانے کے مسائل بیان کیجئے اور ان کو حل کرنے کے لئے اقدامات تجویز کیجئے۔

17. ذیل کے جدول کا مشاہدہ کیجئے اور اس کا تجزیہ کیجئے۔

ہندوستان میں کامگاروں کی تقسیم 2017-2018 (%)

| شعبہ | رہائش کا مقام | | جنس | | جملہ کامگار |
|---|---|---|---|---|---|
| | دیہی | شہری | مرد | خواتین | |
| زراعت | 59.8 | 6.6 | 40.7 | 57.2 | 44.6 |
| صنعت | 20.4 | 34.3 | 26.4 | 17.7 | 24.4 |
| خدمات | 19.8 | 59.1 | 32.8 | 25.2 | 31.0 |

18. ہندوستان کے نقشے میں حسب ذیل مقامات کی نشاندہی کیجئے

(1) سطح مرتفع دکن
(2) تھار ریگستان
(3) مالابار ساحل
(4) مغرب کی سمت بہنے والی ایک دریا
(5) دوڈبیٹا
(6) کولکتہ

# Social Studies

**Part B**

**Time : 30 Minute** **Class: X** **Maximum Marks : 20**

ہدایات: (1) تمام سوالوں کے جواب دیجئے۔

(2) ہرسوال کے لئے دیئے گئے چار متبادل میں سے درست متبادل کا انتخاب کیجئے اور اس کے متعلقہ حرف (A/B/C/D) کو قوسین میں لکھئے۔

(3) ہرسوال کے لئے ایک (1) نشان مقرر ہے۔

(4) پارٹ B کے سوالات کے جواب سوالیہ پرچہ میں ہی لکھئے اور اُسے پارٹ-A کے جوابی بیاض کے ساتھ منسلک کیجئے۔

(5) ان جوابوں کے نشانات نہیں دیئے جائیں گے جو غیر واضح، دوبارہ یا مٹا کر لکھے گئے ہوں۔

---

1. پونا معاہدے پر انہوں نے دستخط کئے۔ ( )

(A) گاندھی - امبیڈکر (B) گاندھی - نہرو

(C) نہرو- امبیڈکر (D) امبیڈکر- ولبھ بھائی پٹیل

2. وہ خیال یا نظریہ جس نے تمام افریقی لوگوں میں اتحاد کو بلا امتیاز ملک وقبیلہ فروغ دینے کا باعث بنا۔ ( )

(A) جمہوریت (B) سیکولرزم

(C) متحدہ افریقہ (D) جمہوریہ

3. ’’نیوڈیل‘‘ اس کے متاثرین کو راحت فراہم کرتی ہے۔ ( )

(A) عالمی جنگوں (B) معاشی بحران

(C) تقسیم ہند (D) سیلاب سے متاثر لوگوں

4. ہمہ قومی کارپوریشن (MNC) کی ایک مثال ہے۔ ( )

(A) ہندوستانی ریلوے (B) BSNL

(C) ٹاٹا موٹرس (D) ہندوستانی ڈاک خدمات

5. اس خط کے ذریعے ہندوستان دو مساوی حصوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ ( )

(A) آرکٹک دائرہ (B) خط استواء

(C) خط سرطان (D) انٹارٹیک دائرہ

6. ہندوستان کے موجودہ چیف الیکشن کمشنر ہیں۔ ( )

(A) راجیوکمار (B) ششیل چندرا

(C) انوپ چندرا پانڈے (D) وائی وی چندر چوڑ

7. ہندوستان کے موجودہ صدر جمہوریہ ہیں۔ (     )

(A) رام ناتھ کووند (B) نریندر مودی

(C) دروپدی مرمو (D) تملا سائی سوندرراجن

8. ذیل میں کون سی عوامی سہولت کی ایک مثال نہیں ہے۔ (     )

(A) محفوظ پینے کا پانی (B) بجلی

(C) تعلیم (D) ایرپورٹ

9. اس ریاست سے علاحدہ کر کے میگھالیہ تشکیل دی گئی۔ (     )

(A) اروناچل پردیش (B) آسام

(C) مغربی بنگال (D) ناگالینڈ

10. خام گھریلو پیداوار (GDP) کو محسوب کرتے وقت اسے دیکھا جاتا ہے۔ (     )

(A) تمام اشیاء اور خدمات کی قدر (B) آخری مرحلے کی تمام اشیاء اور خدمات کی قدر

(C) صرف تمام اشیاء کی قدر (D) صرف تمام خدمات کی قدر

11. ہیوارے بازار میں گنے اور موز کی کاشت پر پابندی کی وجہ (     )

(A) ان کی قیمتیں بہت کم ہیں۔ (B) پیداوار بہت کم ہوتی ہے۔

(C) یہ فصلیں زیادہ پانی سے سیراب ہوتی ہیں۔ (D) ان فصلوں کی کوئی طلب نہیں ہے۔

12. ذیل کے جوڑ ملایئے اور درست جواب کا انتخاب کیجئے۔ (     )

(1) میگاسٹیز (a) ایک ملین تا دس ملین کے درمیان آبادی

(2) میٹروپولٹین (b) 10 ملین سے زیادہ آبادی

(3) درجہ اول شہر (c) 5000 سے ایک لاکھ کے درمیان آبادی

(4) قصبات (d) ایک لاکھ سے ایک ملین کے درمیان آبادی

(A) 1-a, 2-b, 3-c, 4-d (B) 1-d, 2-c, 3-b, 4-a

(C) 1-c, 2-d, 3-a, 4-b (D) 1-b, 2-a, 3-d, 4-c

13. اکثر غیر ماہر اور نیم ماہر کامگاران ملکوں کو مہاجرت کرتے ہیں۔ (     )

(A) یوروپی ممالک (B) ریاستہائے متحدہ امریکہ

(C) افریقی ممالک (D) تیل برآمد کرنے والے ممالک

14. پہاڑی مقامات، شملہ، نینی تال، مسوری یہاں ہیں۔ (     )

(A) عظیم ہمالیہ (B) ذیلی ہمالیہ

(C) شیوالیک (D) نیلگری

15. ''کرویامرو'' کانعرہ اس سے متعلق ہے۔ (   )

(A) تحریک عدم تعاون (B) ہندوستان چھوڑ دوتحریک

(C) خلافت تحریک (D) سیول نافرمانی تحریک

16. ذیل میں سے ایک جوتلنگانہ سے متعلق نہیں ہے۔ (   )

(A) شریفانہ معاہدہ (B) ملکی قوانین

(C) علاقائی کونسل (D) خاموش وادی تحریک

17. درست جوڑ کی شناخت کیجئے۔ (   )

(A) سبزامن تحریک - نیویارک (B) ورسیلز معاہدہ- پیرس

(C) سردارسروورڈیم-دریائے گنگا (D) ناوابستہ تحریک - لندن

18. ذیل کے واقعات کی زمانی ترتیب (Chronological Order) کی شناخت کیجئے۔ (   )

(1) ڈائرکٹ ایکشن ڈے

(2) ہندوستان چھوڑ دوتحریک

(3) انفرادی ستیہ گرہ

(4) کرپس مشن

(A) 1,2,3,4 (B) 1,3,4,2

(C) 3,4,2,1 (D) 2,3,1,4

19. ذیل میں سے درست بیان کی شناخت کیجئے۔ (   )

(A) ریاستہائے متحدہ امریکہ کا صدر راست عوام کے ذریعہ منتخب کیا جاتا ہے۔

(B) ہندوستان کا صدر راست عوام کے ذریعہ منتخب کیا جاتا ہے۔

(C) ہندوستانی عوام کو دہری شہریت حاصل ہے۔

(D) مشترکہ فہرست میں ریاستوں کی جانب سے ترمیم نہیں کی جاسکتی۔

20. وہ اصلاحات جو جواہر لعل نہرو سے متعلق نہیں ہیں۔ (   )

(A) زرعی اصلاحات (B) پرانیوی پرسس کی منسوخی

(C) زرعی امداد باہمی انجمنیں (D) مقامی حکومت خوداختیاری

---

This document was created with the Win2PDF "Print to PDF" printer available at

https://www.win2pdf.com

This version of Win2PDF 10 is for evaluation and non-commercial use only.
Visit https://www.win2pdf.com/trial/ for a 30 day trial license.

This page will not be added after purchasing Win2PDF.

https://www.win2pdf.com/purchase/